سوال

ہیڈ فون لگا کر نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہیڈ فون لگا کر نماز پڑھنا کیسا ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز مؤمن کی معراج ہے۔ نماز آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، نماز انتہائی خشوع وخضوع کی متقاضی ہے، جس میں انسان دنیا کے تمام امور سے کٹ کر اپنے خالق حقیقی کے ساتھ لو لگا لیتا ہے، اور اس کے ساتھ راز و نیاز اور مناجات کرتا ہے۔ جبکہ ہیڈ فون لگا کر نماز پڑھنا ان حکمتوں اور مقاصد کے منافی ہے۔ جس سے خشوع وخضوع میں خلل واقع ہوتا ہے۔ لہذا انسان کو ایسے تمام امور سے اجتناب کرنا چاہیئے، جن سے خشوع وخضوع میں خلل واقع ہوتا ہو۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ